LIST OF ADMITTED CALL ATTENTION NOTICES (9th Session)

Notice No. 590

Department:- Local Government

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 590

منجانب:۔ عاصمہ عالم رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ بلدیات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں وہ یہ کہ محکمہ بلدیات و دیہی ترقی نے مورخہ 12 مئی 2025 کو ایک مراسلہ کے تحت صوبہ بھر کے 82 دستکاری سکولز اور انڈسٹریل سنٹرز کو 15 جون 2025 سے بند کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں، جس سے سینکڑوں بچیاں ہنر سیکھنے سے محروم ہوئی اور دوسری جانب 337 ملازمین نا صرف بے روزگار ہوئے بلکہ 337 گھروں کے چولہے ٹھنڈے ہونے کے مترادف ہے۔ لہٰذا صوبائی حکومت ان سکولز اور سنٹرز کی بندش اور فوری بحالی کے لیئے اقدامات کریں تاکہ ان سینکڑوں متاثرہ بچیوں اور خاندانوں کا معاش محفوظ بنایا جاسکے۔

Notice No. 764

Department:- Exices, Taxation & Narcotics Control

توجہ دلاؤ نوٹس نمبر 764

منجانب:۔ عبدالکریم رُکن صوبائی اسمبلی

میں وزیر برائے محکمہ آبکاری و محصولات کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ خیبر پختونخوا کل FCV کا 98 فیصد پیدا کرتا ہے لیکن ہمارے زمینداروں اور صوبہ کو خاطر خواہ فائدہ نہیں پہنچ رہا ہے۔ کیونکہ تمباکو خریدنے والے کمپنیوں نے سگریٹ بنانے کے کارخانے دیگر صوبوں میں قائم کئے ہیں جس سے ایک طرف ہمارے صوبے میں بے روزگاری جنم لے رہی ہے جبکہ دوسری جانب ہمارے صوبے کا معاشی استحصال ہو رہا ہے۔ صوبے کی معاشی بدحالی کی وجہ سے نوجوان دہشتگردی، لاقانونیت اور منشیات وغیرہ کی لعنت میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ سگریٹ بنانے کیلئے تمباکو دوسرے صوبوں میں لے جانے پر ٹیکس لگانے کی ضرورت ہے۔